© rasailojaraid.com



جن کا ہر حرف معنی دار ہے، دونوں سے جس حرف کو بھی جدا کر دیا جائے اس کی معنویت برقرار رہتی ہے۔

امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں میم سے مراد امن اور امانت والا ہے، حا سے مراد حبیبِ خدا ہے، میم ثانی سے میمون اور مبارک ہے، دال سے مراد دین کی علامت ہے، گویا جو ذات امن اور امانت والی ہے، جو خدا کی محبوب ہستی ہے، جس کی آمد باعثِ میمنت اور مبارک ہو، جو ہستی دینِ کامل و اکمل کی علامت ہو اس عظیم و کریم ہستی کو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کہتے ہیں۔

قوّت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں اسمِ محمد سے اجالا کر دے

## مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت چیچہ وطنی کے جنرل سیکرٹری اور جامعہ السیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے بانی قاری زاہد اقبال 12 اکتوبر 2017 بروز جمعرات کو انتقال کر گئے، مرحوم مفتی ظفر اقبال (جامعۃ السراج چیچہ وطنی) کے چھوٹے بھائی تھے، اور خانقاہ سراجیہ سے منسلک تھے، انہوں نے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور بنات کی تعلیم و تدریس کے لئے علاقہ بھر میں اہم کردار کیا، نماز جنازہ چیچہ وطنی میں ادا کی گئی جو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہ العالی نے پڑھائی ، اور علماء کرام ، دینی کارکنوں کے علاوہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی ، مولانا زاہد الراشدی اور عبداللطیف خالد چیمہ نے 3۔ اکتوبر جمعۃ المبارک کو مرحوم کی رہائش گاہ پر لواحقین سے مل کر تعزیت کا اظہار کیا۔

★ حضرت مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی مدرسہ محمودیہ، جامع مسجد محمدی، مہران ٹاؤن کراچی کی پھوپھی صاحبہ 10 رنومبر، جمعۃ المبارک کو چوک محمدی، سناواں کوٹ میں انتقال کر گئیں، جبکہ مولانا عبدالغفور کے دوست حضرت مولانا خادم حسین ارائیں (سکول ٹیچر) کوٹ ادو کی اہلیہ 11 رنومبر کو انتقال کر گئیں۔

★ جامعہ اشرفیہ کے استاذ الحدیث حضرت مولانا یعقوب خان رحمۃ اللہ علیہ 18 رنومبر کو انتقال فرما گئے۔ مولانا مرحوم کی نماز جنازہ جامعہ میں مغرب کے بعد ادا کی گئی جس میں ہزاروں علماء و طلباء نے شرکت کی آپ نے اولاد و احفاد کے علاوہ سیکڑوں علماء و طلباء کو سوگوار چھوڑا۔

★ مجلس احرار اسلام ملتان کے امیر مولانا محمد اکمل اور مدرسہ معمورہ کے مدرس مفتی نجم الحق کے والد محمد نواز انتقال فرما گئے

★ چناب نگر مدرسہ ختم نبوت کے معاون مہر مراد لالی کے والد مہر احمد شیر لالی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔



© rasailojaraid.com